# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 16 November 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶ ؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10؍بجے

***** **** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ اسمبلی انتخابات کی تشہیر کے لیے آخری 3؍دِن باقی ‘امیدواروں کی جانب سے جلسے ‘ جلوس اور کارنر میٹنگز کا سلسلہ جاری

☆ مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ نے کل ہنگولی میں کانگریس کو بنایا تنقید کا نشانہ ‘ وہیں کانگریس نے بھی بی جے پی سے ذات کی بنیاد پر مردُم شماری معاملے میں اپنا موقف واضح کرنے کا کیا چیلنج

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر میں شراب کے کارخانے میں 4؍مزدوروں کی حادثاتی موت

اور

☆ جنوبی افریقہ کو چوتھے T-20؍کرکٹ میچ میں 135؍رنوں سے ہرا کر بھارت نے جیتی سیریز

اب خبریں تفصیل سے...

اسمبلی انتخابات کی تشہیر کے لیے آخری 3؍دِن رہ گئے ہیں۔ اِس کے پیشِ نظر تمام بڑی سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے ساتھ ساتھ مقامی چھوٹی پارٹیوں کے امیدواروں اور آزاد امیدواروں کی جانب سے جلسوں‘ کارنر میٹنگز اور گھر گھر ملاقاتوں پر زور دیا جارہا ہے۔ دیکھا جارہا ہے کہ کم و بیش سبھی امیدواروں نے روایتی انداز میں رکشوں پر چناوی مہم چلانے کو ترجیح دی ہے۔

***** **** *****

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے سینئر قائد اِمت شاہ نے کل ہنگولی کے رام لیلا میدان میں مہایوتی امیدواروں کے لیے جلسہ عام سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر وزیر موصوف نے مہایوتی حکومت کی جانب سے نافذ کی گئی اسکیمات کا ذکر کیا اور ساتھ ہی کانگریس پارٹی پر تنقید کی۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس کشمیر میں دفعہ 370؍نافذ کرنے کا وعدہ کررہی ہے۔لیکن گاندھی خاندان کی چوتھی نسل بھی ایسا نہیں کر پائے گی۔ شاہ نے ہندوتو کے معاملے پر سابق وزیر اعلیٰ اُدھوٹھاکرے پر بھی تنقید کی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ انتخابی کمیشن کی ٹیم نے ہنگولی پہنچنے پر شاہ کے بیگ کی جانچ کی۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے سویابین کی خریدی کرتے وقت کم از کم بنیادی قیمت کے فرق کو ختم کرنے کے لیے قیمتوں کے فرق کی اسکیم نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ کل ناندیڑ میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔ اِسی بیچ وزیراعلیٰ نے خوراک' شہری فراہمی اور مارکیٹنگ کے محکمے کو ہدایت دی ہے کہ وہ پیاز کا غیر قانونی ذخیرہ کرنے والے تاجروں کے خلاف سخت کارروائی کریں۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے سلوڑ میں مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار سُریش بنکر کے لیے انتخابی تشہیر کی۔ اِس موقع پر تقریر کرتے ہوئے ٹھاکرے نے تیقن دیا کہ مہاوِکاس آگھاڑی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد ضروری اشیاء کی قیمتیں مستحکم رہیں گی اور سویابین کی قیمت 7/ ہزار روپئے ملے گی۔

***** ***** *****

کانگریس کے مہاراشٹر کے انچارج رمیش چینی تھلا نے بی جے پی اور وزیراعظم نریندر مودی کو چیلنج کیا ہے کہ وہ ذات پات کی بنیاد پر مردُم شماری کے حوالے سے اپنے موقف ظاہر کریں۔ وہ کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اِس الزام کو مسترد کر دیا کہ کانگریس درج فہرست ذاتوں ایس سی اور قبائل ایس ٹی کے ریزرویشن کو ختم کرنے جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ کانگریس ہی تھی جس نے ریزرویشن دے کر پسماندہ طبقات کو حقوق دیے۔

اِسی بیچ کانگریس قائدین راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی آج ریاست میں اپنے امیدواروں کی انتخابی تشہیر میں شرکت کریں گے۔ چینی تھلا نے بتایا کہ راہل گاندھی آج چِمور اور دھامن گاؤں ریلوے جبکہ پرینکا گاندھی شرڈی اور کولہاپور میں جلسے عام سے خطاب کریں گے۔ پرینکا گاندھی کل گڈچِرولی اور ناگپور میں انتخابی میٹنگ کریں گی۔

***** ***** *****

ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر آج چھترپتی سنبھاجی نگر میں اپنے امیدواروں کی تشہیر کریں گے۔ وہ آج شام عام خاص میدان پر جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے لیے رائے دہی کرنے کے لیے صرف 5/ دن باقی رہ گئے ہیں۔ ان انتخابات میں رائے دہی کے فیصد میں اضافے کی خاطر روایتی میڈیا کے ساتھ ساتھ رائے دہندگان کو معلومات کی فراہمی اور انتخابی شرکت کے منصوبہ بند پروگرام کے تحت بہت سی اختراعی سرگرمیوں کے ذریعے بڑے پیمانے پر عوامی آگاہی کا کام جاری ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں ہاٹ ایئر بلون کے ذریعے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کی جائے گی۔ میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ سویپ نوڈل افسر انکُش پانڈے نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن نے ٹی وی چینلس پر نشر کی جانے والی انتخابات سے متعلق خبروں کی نگرانی کے لیے الیکٹرانک میڈیا مانیٹرنگ سینٹر قائم کیا ہے۔ مہاراشٹر میں رائے دہی کے دن اور اِس سے ایک دن قبل کمیشن کی جانب سے ٹی وی چینلس پر نشر ہونے والی ہر خبر کی نگرانی کی جائے گی۔

***** ***** *****

سامعین کرام، اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر '' آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا چا '' نامی پروگرام آکاشوانی کی جانب سے روزآنہ شام 7 ربج کر 10 رمنٹ پر نشر کیا جا رہا ہے۔ آج اِس پروگرام میں کولہا پور ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

# یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

مجلس اتحادالمسلمین ایم آئی ایم کے مرکزی رہنما اسدالدین اویسی نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں اپنے امیدواروں کی انتخابی تشہیر کے لیے مختلف علاقوں میں پدیاترا کی اور رائے دہندگان سے آئندہ 20 رنومبر کو ایم آئی ایم کے امیدواروں کو اکثریت سے جِتانے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے شیندرا صنعتی علاقے میں کل دوپہر شراب بنانے والے کارخانے میں مکئی کا ذخیرہ کرنے والی ٹینک کے پھٹنے سے 4 رمزدوروں کی موت ہوگئی جبکہ دیگر 4 رشدید زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ ریڈی کو ڈِسٹلری نامی کمپنی میں پیش آیا۔ بتایا جاتا ہے کہ مکئی کے ٹینک کی ویلڈنگ کے دوران وہ نیچے سے پھٹ گیا جس سے کئی کوئنٹل مکئی اور لوہے کی چادریں کام کرنے والے مزدوروں پر گر گئیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں ضابطہ اخلاق نافذ کرنے کے لیے مقرر کی گئی سروے ٹیم نے گزشتہ جمعرات کی رات سلوڑ حلقے کے سلوڑ پھاٹے سے 19 رکلو سونا اور 37 رکلو چاندی ضبط کی جس کی قیمت تقریباً 19 رکروڑ روپئے ہے۔ ضابطہ اخلاق سیل کے معاون نوڈل افسر راجندر دیسلے نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

گوا کے پنجی میں منعقد کیے جا رہے 55 رویں اِنٹرنیشنل فلم فیسٹول آف اِنڈیا میں مشہور مراٹھی فلم '' ہجار ویڑا شیلے پاہی لے لا مانُس '' کو شامل کیا گیا ہے۔ اِس فلم کے لیے گالا پریمئر اور ریڈ کارپیٹ اعزازات کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ تقریب آئندہ 24 رنومبر کو منعقد کی جائے گی۔ فلم کے نام سے ہی اِس کی کہانی کا تعلق شعلے فلم سے معلوم ہوتا ہے جس سے اُس کے پلاٹ کے بارے میں تجسس پیدا کر دیا ہے۔ اِس فلم میں دلیپ پربھولکر، سونالی کلکرنی، سدھارتھ جادھو اور دیگر فنکار مرکزی کردار میں نظر آئیں گے۔

***** ***** *****

سِکھ مذہب کے بانی گرونانک کا 555 رواں یومِ پیدائش کل ہر طرف عقیدت اور جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ گرونانک جینتی کے اِس موقع پر سکھ بھائیوں کی بڑی تعداد نے مختلف گرودواروں میں منعقد کیے گئے شبد، بھجن اور کیرتن میں شرکت کی۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد سے فلائنگ اسکواڈ اور نگرانی ٹیموں نے تقریباً 42/لاکھ 33/ہزار 400/روپئے کی نقد رقم ضبط کی ہے۔ اِس سلسلے میں آئندہ سماعت 18/نومبر کو ہوگی۔ اِس دوران لاتور میں ہاؤس پولنگ 11/نومبر سے جاری ہے۔ لاتور شہر حلقے کے 368/رائے دہندگان میں سے 349/نے گھر بیٹھے ووٹ ڈالے۔ اِن میں 100/برس سے زائد عمر کے 10/ووٹرس شامل ہیں۔ اُدگیر حلقے میں اِس سہولت کے تحت 626/رائے دہندگان نے اپنے ووٹ دینے کا حق استعمال کیا۔ اِن میں کرڈکھیل کی جیجا بائی کِسن کسبے شامل ہیں جن کی عمر 105/برس ہے۔

***** ***** *****

رائے دہندگان کی بیداری کی خاطر لاتور شہر میں آج میراتھان اور واکے تھان کا انعقاد کیا گیا ہے۔ یہ مقابلہ صبح ساڑھے سات بجے شروع ہوگئے۔ ضلع کے کھیل افسر جگن ناتھ لکڑے نے شہریوں سے اِن مقابلوں میں بڑی تعداد میں شرکت کرنے کی اپیل کی تھی۔

***** ***** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کل جوہانسبرگ میں کھیلے گئے T-20/کرکٹ سیریز کے چوتھے اور آخری میچ میں بھارت نے میزبان ٹیم کو 135/رنز سے شکست دے کر 4/میچوں کی سیریز 1 - 3/سے جیت لی۔ بھارتی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوورس میں ایک وکٹ کے نقصان پر 283/رنز بنائے۔ تِلک ورمانے 47/گیندوں پر 120/جبکہ سنجیو سیمسن نے 56/گیندوں پر 105/رنز بنائے۔ وہیں عرش دیپ سنگھ نے 3/وکٹیں حاصل کیں۔ فتح کے لیے 284/رنوں کے ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم نے 18/اوورس اور 2/گیندوں میں 148/رنز ہی بنائے۔ 120/رنز بنانے والے تِلک ورما کو مین آف دی میچ اور مین آف دی سیریز کے اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

**آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے...**

- ☆ **اسمبلی انتخابات کی تشہیر کے لیے آخری 3/دِن باقی ‘ امیدواروں کی جانب سے جلسے ‘ جلوس اور کارنر میٹنگز کا سلسلہ جاری**
- ☆ **مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ نے کل ہنگولی میں کانگریس کو بنایا تنقید کا نشانہ ‘ وہیں کانگریس نے بھی بی جے پی سے ذات کی بنیاد پر مردُم شماری معاملے میں اپنا موقف واضح کرنے کا کیا چیلنج**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں شراب کے کارخانے میں 4/مزدوروں کی حادثاتی موت**

**اور**

- ☆ **جنوبی افریقہ کو چوتھے T-20/کرکٹ میچ میں 135/رنوں سے ہرا کر بھارت نے جیتی سیریز**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆